PS+YOU
چانسلر Melissa Aviles-Ramos کی جانب سے

NYC Public Schools



**سیل فونز اور دیگر الیکٹرانک آلات کے بارے میں اہم تجدید**

عزیز اہل خانہ اور رفقائے کار،

پچھلے ہفتے ہمارے پینل برائے تعلیمی پالیسی نے چانسلر کا ضابطہ: A-413.میں ترمیم کی منظوری دی ہے۔ یہ ضابطہ انٹرنیٹ سے منسلک ذاتی الیکٹرانک آلات جیسے سیل فونز، اسمارٹ واچز، اور ٹیبلیٹس کے استعمال کا احاطہ کرتا ہے۔ یہ ترمیم شدہ پالیسی ہمیں ریاستی قانون سے ہم آہنگ کرتا ہے جو ان آلات کے "گھنٹی سے گھنٹی تک" استعمال کی ممانعت کرتا ہے –دوسرے لفظوں میں، اسکول دن کے آغاز سے اختتام تک۔

آنے والی تعلیمی سال کے لیے پہلے ہی سے جاننے کے لیے ذیل میں چند اہم نکات ہیں:

- تمام اسکولوں کو یہ یقینی بنانے کے لیے پالیسی تشکیل دینی چاہیے کہ طلباء ان آلات کو اسکول اوقات کے دوران استعمال نہیں کررہے ہیں۔
- ہر اسکول آلات کو محفوظ کرنے کا ایک طریقہ منتخب کرسکتا ہے جو انکے لیے مناسب ہو، جیسے پاؤچز یا لاکرز، اور اسکولوں کو ان طریقوں کا نفاذ کرنے کے لیے سرمایہ موصول ہوگا۔
- اس پالیسی کے کچھ استثنات ہیں، بشمول جب یہ الات طبی، ہنگامی حالت یا خاص تعلیمی مقاصد کے لیے استعمال کیے جائیں۔
- اسکولوں کو ابلاغ کو ہموار بنانے کے لیے ایک براہِ راست فون نمبر کا اشتراک کرنا لازمی ہے۔ خاندانوں کو بھی یقینی بنانا چاہیے کہ انکی ہنگامی صورت میں رابطہ معلومات NYCSA میں جدید ہیں۔

مجھے معلوم ہے کہ بہت سے لوگوں کے لیے یہ تبدیلی اہم ہوگی، اور میں طلباء، عملے، اور خاندانوں کی مزید جاننے کے لیے schools.nyc.gov/DevicePolicy پر جانے کی حوصلہ افزائی کرونگی۔ آپ ذیل میں نمایاں کردہ وڈیو دیکھ سکتے ہیں، جس میں حفاظت و انسداد شراکتیں کے چیف Mark Rampersant کو دکھایا گیا ہے۔

بطور سابقہ پرنسپل جس نے اپنے اسکول میں سیل فونز کے استعمال پر پابندی لگائی تھی، میں نے خلل اندازی سے پاک کلاس رومز کے اسکول کی ثقافت اور طلباء کی کامیابی پر اثر کو دیکھا تھا۔ اور میرا اسکول اکیلا نہیں تھا— دیگر اسکول بھی اسی طرح کے نتائج دیکھ رہے ہیں۔ ذیل میں صرف ایک بہترین مثال کے لیے ہمارا چانسلر کا اسپاٹ لائٹ وڈیو ملاحظہ کریں۔

میں اس تعلیمی سال میں اپنے طلباء کو توجہ مرکوز کرنے، سیکھنے اور فروغ پانے کے لیے مدد کے لیے ملکر کام کرنے کی متمنی ہوں۔

شراکت میں،
Melissa Aviles-Ramos
چانسلر


**چانسلر کا مرکز توجہ (اسپاٹ لائٹ):**
پچھلے تعلیمی سال، Urban Assembly Gateway School for Technology نے ہر صبح سیل فونز جمع کرنے شروع کیے تھے۔ اس تبدیلی کے بعد اسکول کی قیادت نے متعدد اثرات کا مشاہدہ کیا۔

جیسا کہ پرنسپل Kristina Dvorakovskaya نے شیئر کیا ہے، "پہلے ہفتے کے اندر، اساتذہ کا کہنا تھا کہ وہ پچھلے سال استعمال کیے جانے والے اسباق کو 10-5 منٹ پہلے ختم کررہے تھے، کیونکہ فونز کی وجہ سے خلل اندازی نہیں تھی اور توجہ میں اضافہ ہوا تھا۔

انہوں نے دیگر ترتیبوں میں بھی تبدیلیوں کا مشاہدہ کیا: " کیفے ٹیریا واقعی ہائی اسکول کی مانند لگتا تھا! میزوں پر طلباء ایکدوسرے سے بات کررہے تھے۔ میدان بچوں سے بھرا ہوا تھا جو اسپورٹس کھیل رہے تھے۔

مجموعی تجربے پر نظر ڈالتے ہوئے، پرنسپل Dvorakovskaya نے کہا، "یہ بالکل ایسا ہی تھا جیسا کہ ہماری کلاسوں کو مصروفیت اور بحث ومباحثے کو عمیق بنانے کے لیے درکار تھا ،،،]اور[ یہ بالکل وہی تھا جسکی ہماری برادری کو مستند تعلقات قائم کرنے کے لیے ضرورت تھی۔

**ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:**



ترجمے کے لیے، براۓ مہربانی ہمارے YouTube صفحے پر جائیں۔

**NYCPS خبریں اور وسائل:**

- جولائی کا مہینہ معذوری پر فخر (Disability Pride) کا مہینہ ہے! مزید جاننے اور وسائل تک رسائی کے لیے یہاں کلک کریں۔
- خبروں اور وسائل کے لیے دی مورننگ بیل ملاحظہ کریں یا NYCPS کو آن لائن فیس بک، انسٹاگرام، X، اور یوٹیوب پر فالو کریں۔
- یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست تازہ ترین معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو براۓ مہربانی یہاں کلک کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ یہ خبرنامہ مزید وصول نہیں کرنا چاہتے تو خارج ہونے کے لیے براۓ مہربانی ان سبسکرائب کریں۔